AKASHVANI NEWS SRINAGAR

Text of Urdu News Bulletin
Dated : 11 October 2026
Time : 07:40 PM

آداب

یہ آکاشوانی سرینگر ہے۔
خبروں کا بلیٹن لیکر میں شیخ یاسین۔
پہلے اہم خبروں کی سرخیاں۔

ہیڈلائنز

✓ [۱] ۔۔۔۔ وکست بھارت کے لائحہ عمل سے صرف بھارت نہیں بلکہ پوری دنیا ہوگی مستفید//وزیراعظم نریندر مودی۔

✓ [۲] ۔۔۔۔ جموں وکشمیر میں اولڈ ایج ہومز کا منصوبہ//سماجی انصاف کے وزیر رام داس اٹھاوَلے کے مطابق مرکزی سرکار یوٹی سرکار کو تعاون دینے کیلئے تیار۔

✓ [۳] ۔۔۔۔ پُرامن احتجاج کرنے والوں کی غیر قانونی حراست کی روکتھام کی جائے//سپریم کورٹ کی حکام کو ہدایت۔

اور

✓ [۴] ۔۔۔۔آج منایا جارہا ہے بچیوں کا عالمی دن//الرجی کا قومی دن بھی آج۔

PM

وزیرِاعظم نریندرمودی نے کہاہے کہ ملک میں پچھلے 12 برسوں کے دوران مختلف شعبوں میں قابل فخر ترقی درج ہوئی ہے۔آج چنئی کے IIT مدراس میں منعقدہ ایک تقریب پر13 ہزار کروڑ روپے لاگت والے کئی پروجیکٹوں کا سنگ بنیاد رکھنے اور کئی دیگر کو قوم اور تامل ناڈو کے عوام کے نام وقف کرنے کے بعد ایک اجتماع سے خطاب کرتے ہوئے وزیراعظم نے کہا کہ بھارت اپنی ثقافتی روایات سے تحریک حاصل کر رہا ہے اور سائنس کی ترقی سے آگے بڑھ رہا ہے۔

-----Cut 1-------

نریندرمودی نے کہا کہ وکست بھارت کا خواب شرمندہ تعبیر کرنے کیلئے جو لائحہ عمل اپنایا جارہا ہے اس سے پوری دنیا مستفید ہوگی۔

------Cut 2---------

اس موقعے پر وزیراعظم نے 5 امرُت ریلوے اسٹیشنوں کا بھی افتتاح کرنے کے علاوہ IIT مدراس میں سُدھا گوپال کرشنن برین سینٹر کو قوم کے نام وقف کیا۔

رام داس

سماجی انصاف کے مرکزی وزیر رام داس اٹھاؤلے نے کہاہے کہ ان کی وزارت جموں وکشمیر میں اولڈ ایج ہومز اور دیگر امدادی سہولیات سے متعلق جموں وکشمیر سرکار کے منصوبوں پر غور کرنے کیلئے تیار ہے۔وزیر موصوف، جو کہ جموں وکشمیر کے دورے پر ہیں، نے آج سرینگر میں ایک پریس کانفرنس کے دوران ان کی وزارت کے ذریعے یوٹی میں عملائے جارہے مختلف فلاحی پروگراموں کا تذکرہ کیا۔

-----V/O-----

انہوں نے سکل ڈیولپمنٹ، آنترپرینیورشپ اور چھوٹی صنعتوں کو فروغ دینے کی ضرورت پر بھی زور دیا تاکہ روزگار کے زیادہ سے زیادہ وسائل پیدا کئے جاسکیں۔اس دوران ہمارے نمائندے تصدق رشید نے خبر دی ہے کہ وزیر موصوف، جو کہ ریپبلکن پارٹی آف انڈیا کے صدر بھی ہیں، نے آج اننت ناگ کا دورہ کرکے وہاں پارٹی ورکروں سے خطاب کیا۔اس موقعے پر منعقدہ تقریب کے دوران آکاشوانی نیوز سرینگر کے اننت ناگ کے نمائندے تصدق رشید کو بہترین صحافتی خدمات کے اعتراف میں اعزاز سے نوازا گیا۔یہ اعزاز انہوں نے مرکزی وزیر رام داس اٹھاؤلے کے ہاتھوں حاصل کیا۔

ایل جی GCC

لیفٹیننٹ گورنر منوج سنہا نے کہا ہے کہ نوجوانوں کی صلاحیتوں، بہتر بنیادی ڈھانچے، سرمایہ کاری موافق پالیسیوں اور اختراعی ماحول کی بدولت جموں وکشمیر عالمی صلاحیتی مرکز (GCC) کے ایک اہم مقام کے طور پر ابھرنے کیلئے تیار ہے۔ جموں میں منعقدہ 2 روزہ جموں وکشمیر Global Capability Centres سمٹ 2026 کے اختتامی اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے صنعتی اور تعلیمی اداروں کے درمیان تعاون، ہنرمندی کے فروغ اور جامع ترقی پر زور دیا۔

خراج

وزیراعظم نریندر مودی، وزیر داخلہ امت شاہ اور وزیر دفاع راجناتھ سنگھ کے علاوہ جموں وکشمیر کے لیفٹیننٹ گورنر منوج سنہا نے لوک نائک شری جئے پرکاش نارائن کو ان کی جنم جینتی پر خراج پیش کیا ہے۔ انہوں نے اپنے الگ الگ پیغامات میں کہا ہے کہ شری جئے پرکاش نارائن نے بھارت چھوڑو تحریک میں ایک اہم رول ادا کیا۔ منوج سنہا نے بھارت رتن ناناجی دیش مُکھ جی کو بھی ان جنم جینتی پر خراج پیش کیا ہے۔

جن سیوا

وزیراعظم نریندر مودی نے عوامی خدمت کے 25 برس مکمل کئے ہیں۔ اُن کے ان 25 برسوں کے سفر کی کامیابی ’’جن سیوا سے دیش سیوا‘‘ کے ان کے جذبے سے واضح ہوجاتی ہے۔ اسی سلسلے میں ہماری خصوصی سیریز کے تحت سماعت کریں ’’Space Sector Reforms 2020‘‘ سے متعلق ہمارے نمائندے کی یہ رپورٹ۔

.......Report.........

اندراج

جموں وکشمیر میں ووٹروں کے اندراج کی 2 روزہ خصوصی مہم آج اختتام پذیر ہوئی۔ اس مہم کے دوران ووٹروں کی جانب سے زبردست ردعمل دیکھنے میں آیا جبکہ انتخابی عملے نے ووٹروں کے اندراج میں سہولت فراہم کرنے، عوامی شکایات کے ازالے اور انتخابی خدمات کے بارے میں بیداری پیدا کرنے کیلئے بڑے پیمانے پر عوامی رابطے کی مہم چلائی۔

وقفہ

یہ خبریں آپ آکاشوانی سرینگر سے سن رہے ہیں۔

خبریں اور آکاشوانی کے دیگر پروگرام آپ آکاشوانی کے موبائیل ایپلی کیشن اور DTH پر بھی سماعت کر سکتے ہیں۔

GONG

سپریم کورٹ

سپریم کورٹ نے حکام کو ہدایت دی ہے کہ پُرامن احتجاج کرنے والوں کو غیر قانونی طور پر حراست میں نہ لیا جائے اور لوگوں کی آزادانہ نقل و حرکت یقینی بنائی جائے۔ عدالت عظمیٰ نے دلی میں Barricading کے انتظامات پر نظر ثانی اور میٹرو سروسز معمول کے مطابق چلانے کی بھی ہدایت دی ہے۔ عدالت نے قانون و انتظام کی صورتحال کے مطابق انٹرنیٹ خدمات بلا تعطل جاری رکھنے پر زور دیا۔ اس کے علاوہ وکلاء کو پیشہ ورانہ فرائض کی انجام دہی سے نہ روکنے کی ہدایت بھی دی گئی۔ سپریم کورٹ کی یہ ہدایات قومی دارالحکومت میں احتجاج کے دوران لوگوں کی نقل و حرکت اور عوامی خدمات کے معمول کے مطابق جاری رہنے سے متعلق خدشات کے پیشِ نظر سامنے آئی ہیں۔

نوراترا

نوراتری کا تہوار آج سے شروع ہوا ہے۔تہوار کے دنوں کے دوران دیوی درگا کی پوجا کی جاتی ہے۔ وزیراعظم نریندر مودی نے اس موقعے پر لوگوں کو مبارکباد دی ہے۔ اپنے ایک سوشل میڈیا پیغام میں وزیراعظم نے امید ظاہر کی کہ دیوی درگا ان پوتر دنوں میں ملک کیلئے خوشحالی، امن واستحکام اور تندرستی لے کر آئے۔ لیفٹیننٹ گورنر منوج سنہا نے نوراتری کے موقع پر جموں وکشمیر کے عوام کو دلی مبارکباد پیش کی ہے۔ لیفٹیننٹ گورنر نے پرارتھنا کی ہے کہ یہ تہوار خوشحالی اور امن وسکون کا سبب بنے۔

درخشاں اندرابی

جموں وکشمیر وقف بورڈ نے مساجد میں خطباتِ جمعہ کے مشترکہ موضوعات کی نشاندہی اور حتمی شکل دینے کی غرض سے مفتیان، ائمہ حضرات اور خطیبوں پر مشتمل ایک کور کمیٹی تشکیل دینے کا فیصلہ کیا ہے۔ یہ فیصلہ بورڈ کے مرکزی دفتر واقع سونہ وار سرینگر میں منعقدہ علمائے دین کے ایک اجلاس میں لیا گیا۔ اس موقعہ پر بورڈ کی چیئر پرسن ڈاکٹر درخشاں اندرابی نے کہا کہ یہ فیصلہ علمائے دین کے درمیان تال میل، معاشرے میں تعمیری پیغام اور اتحاد کو فروغ دینے میں معاون ثابت ہوگا۔

عالمی دن

آج بچیوں کا عالمی دن منایا جارہا ہے۔اس سال اس دن کا موضوع ہے ’’بچیوں کی کم عمری میں شادی کو روکنا اور ان کے حقوق کیلئے جدوجہد‘‘ رکھا گیا ہے۔ **UNICEF** کے مطابق اس وقت دُنیا میں ہر **5** میں سے ایک بچی کی شادی **18** سال سے کم عمر میں کی جاتی ہے اور ان کی مجموعی تعداد ساڑھے **6** کروڑ تک پہنچ گئی ہے۔

الرجی ڈے

آج نیشنل الرجی ڈے ہے۔اس دن کا مقصد مختلف اقسام کی الرجی سے متعلق بیداری پیدا کرنا ہے۔ اس سلسلے میں آج ملک کے ساتھ ساتھ جموں وکشمیر میں بھی کچھ پروگرام منعقد ہوئے جس دوران ماہرین نے الرجی سے بچنے اور احتیاطی تدابیر کے بارے میں بتایا۔

تنویر صادق

نیشنل کانفرنس کے ترجمان اعلیٰ تنویر صادق نے آج سرینگر میں الرجی ڈے سے متعلق ایک پروگرام میں مہمان خصوصی کی حیثیت سے شرکت کی۔انہوں نے اسکولوں اور دیگر تعلیمی اداروں میں الرجی سے متعلق آگاہی پیدا کرنے اور ہنگامی صورتحال سے نمٹنے سے متعلق بیداری پیدا کرنے کی ضرورت پر زور دیا۔

BJP

بی جے پی کے صدر ست شرما نے اس عزم کو دہرایا ہے کہ ان کی پارٹی جموں وکشمیر کے عوام کے حقوق کیلئے کام کرتی رہے گی۔اکھنور میں آج پارٹی کے ایک اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ بی جے پی،رجموں وکشمیر کی موجودہ سرکار کو عوام کے ساتھ کئے گئے وعدوں کو عملانے کے تعلق سے جوابدہ بنانے میں کوئی کسر باقی نہیں رکھے گی۔

شمیمہ فردوس

نیشنل کانفرنس خواتین ونگ کی صدر شمیمہ فردوس نے کہا ہے کہ موجودہ سرکار جموں وکشمیر میں طبی شعبے کی بہتری پر خصوصی توجہ دے رہی ہے۔آج سرینگر میں ایک پرائیویٹ تشخیصی لیبارٹری کا افتتاح کرنے کے بعد انہوں نے کہا کہ طبی خدمات کی فراہمی میں انسانی ہمدردی ایک بنیادی عنصر ہے جس پر پرائیویٹ اداروں کو خاص دھیان دینا چاہئے۔

انتقال

وادی کے ایک معروف رباب نواز استاد اسداللہ شاہ انتقال کر گئے ہیں۔ان کے انتقال پر کئی ادبی اور سماجی تنظیموں کے علاوہ دیگر کئی مقتدر شخصیات نے افسوس کا اظہار کیا ہے۔ادبی مرکز کمراز کے سرپرست ڈاکٹر رفیق مسعودی اور صدر محمد امین بٹ کے علاوہ مرکز کے دیگر زعماء نے غمزدہ خاندان کے ساتھ ہمدردی کا اظہار کیا ہے۔ساگر کلچرل فورم ,کشمیر گلوکار سوسائٹی ,بلبل اکیڈمی آف آرٹ ، ریش وار

گلوکار سوسائٹی اور **Radio Listeners** ایسوسی ایشن نے بھی استاد اسد اللہ شاہ کے انتقال پر رنج وغم کا اظہار کیا ہے۔

ماک ڈرل

کولگام پولیس کے اہتمام سے آج ضلعے کے اہرہ بل علاقے میں دہشت گرد مخالف ماک ڈرل کا انعقاد کیا گیا۔ہمارے نمائندے خورشید پڈرو نے خبر دی ہے کہ یہ ڈرل ایس ایس پی کولگام عنایت علی چودھری کی نگرانی میں انجام دی گئی جس کا مقصد دہشت پسندی سے متعلق کسی بھی ہنگامی صورتحال کا مقابلہ کرنے کیلئے پولیس کی پیشگی تیاریوں کا جائزہ لینا بھی تھا۔

پولیس

منشیات کے کاروبار کے خلاف ایک بڑی کاروائی کے دوران پولیس نے اننت ناگ میں **10** ڈرگ سمگلروں کو گرفتار کیا ہے۔ان کے قبضے سے نشیلی اشیاء کی ایک بڑی مقدار برآمد کی گئی ہے۔اس دوران پولیس نے ہندواڑہ میں بھی ایک ڈرگ سمگلر کی گرفتاری عمل میں لائی ہے۔بارہ مولہ میں منشیات کے مضر اثرات کے بارے میں بیداری پیدا کرنے کیلئے پولیس کے اہتمام سے ایک پروگرام منعقد ہوا۔

سنڈے مارکیٹ

سرینگر کے سنڈے مارکیٹ میں آج دن بھر لوگوں کی غیر معمولی چھل پہل رہی جو سردیوں کی آمد کے پیش نظر گرم ملبوسات اور دیگر گھریلو ضروریات کی خوب خریداری کرتے دیکھے گئے۔خریداری کرنے والوں میں مردوں کے علاوہ خواتین کی بھی بڑی تعداد شامل تھی۔

ریلوے

ریلوے ریکروٹمنٹ بورڈ مختلف زمروں میں گریجویٹ سطح کی 3 ہزار 548 اسامیاں پُر کر رہا ہے۔ان اسامیوں میں چیف کمرشل کم ٹیکٹ سپروائزر، Goods Train منیجر، جونیئر اکاؤنٹس اسسٹنٹ کم ٹائپسٹ اور سینئر کلرک کم ٹائپسٹ کی اسامیاں شامل ہیں۔درخواست فارم بھرنے کا عمل رواں مہینے کی 8 تاریخ سے شروع ہوا ہے۔خواہشمند امیدوار 6 نومبر تک درخواستیں آن لائن جمع کرا سکتے ہیں۔

موسم

محکمہ موسمیات کے مطابق جموں کشمیر میں اگلے 24 گھنٹوں کے دوران کہیں کہیں پر ہلکی بارش کا امکان ہے۔سرینگر میں آج دن کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت 23.4 ڈگری جبکہ کل رات کا کم سے کم درجہ حرارت 10.6 ڈگری سیلسیس ریکارڈ کیا گیا۔جموں میں آج دن کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت 23.3 ڈگری جبکہ کل رات کا کم سے کم درجہ حرارت 21 ڈگری سیلسیس درج کیا گیا۔سرینگر میں کل طلوع آفتاب صبح 6 بجکر 33 منٹ اور غروب آفتاب شام 6 بجکر ایک منٹ پر ہوگا۔

Closing

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا۔

اجازت دیجئے۔خدا حافظ۔